جو شخص اللہ کے راستے میں ایک دن کا روزہ رکھتا ہے، اللہ تعالی اس کے اور جہنم کی آگ کے درمیان آسمان اور زمین کے درمیانی فاصلے کے بقدر خندق ڈال دیتا ہے۔

ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”جو شخص اللہ کے راستے میں ایک دن کا روزہ رکھتا ہے، اللہ تعالی اس کے اور جہنم کی آگ کے درمیان آسمان اور زمین کے درمیانی فاصلے کے بقدر خندق ڈال دیتا ہے“۔

[حَسَنْ] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے۔]

اس حدیث میں اس شخص کی فضیلت کا بیان ہے جو محض اللہ کی رضا کے لیے روزہ رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے جہنم سے نجات دیتے ہوئے اسے جہنم سے اتنا دور کردے گا جتنا کہ آسمان, زمین سے دور ہے۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/6399